| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 4 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: پیشے**

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تصاویر سے کچھ پیشوں (تدریس، کھیتی باڑی اور طب وغیرہ) کی شناخت کر سکیں۔
- تصویروں کی مدد سے مختلف پیشوں (تعلیم دینا، کاشت کاری اور طب) کو پہچان سکیں۔
- اپنی روزمرہ زندگی میں کچھ پیشوں کا کردار سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "پیشے" نمایاں کر کے لکھیں۔

انھیں تلقین کریں کہ کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھا کریں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- جب آپ بیمار ہوتے ہیں تو آپ کا علاج کون کرتا ہے؟
- بیماری میں آپ کی دیکھ بھال کون کرتا ہے؟

طلبہ کو باری باری بولنے اور جواب دینے کا موقع فراہم کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- 61 صفحہ پر دی ہوئی کسان اور ڈاکٹر کی تصاویر بچوں کو دکھائیں اور ان کے بارے میں پوچھیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے کسان اور ڈاکٹر کے بارے میں مختصراً بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ یہ دونوں اپنے پیشے سے منسلک ہیں اور کسان اور ڈاکٹر ہمیں اپنی خدمات فراہم کرتے ہیں۔
- انھیں مثال کے طور پر بتائیں کہ کسان ہمارے لیے اناج اُگاتا ہے۔
- طلبہ سے اس تصویر کے بارے میں پوچھیں اور انھیں بولنے کا موقع فراہم کریں۔

- انھیں متن کی مدد سے بتائیں کہ ڈاکٹر مریضوں کا بیماری میں علاج کرتا ہے اور نرس ڈاکٹر کی مدد کرتی ہے اور بیمار لوگوں کو دوا پلاتی اور ان کی صحت کا خیال رکھتی ہے۔
- اس سے وہ اپنی روزی بھی کماتے ہیں اور دوسروں کے کام بھی آتے ہیں۔
- کوئی بھی عام شخص ڈاکٹر کے بغیر اپنا علاج نہیں کر سکتا اور نہ دوا استعمال کر سکتا ہے۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے مزید پیشوں کے بارے میں بتائیں۔
- الیکٹریشن جو بجلی کا کام کرتا ہے۔اِس کام میں بہت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔اگر احتیاط نہ کی تو جان جانے کا بھی خطرہ ہوتا ہے۔
- طلبہ کو ہدایت کریں کہ وہ بجلی کی تاروں اور سوئچ بورڈ سے دور رہیں۔اور گھر میں اپنے سے چھوٹے بچوں کا بھی خیال رکھیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے ''اہم نکات'' دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ :

جب آپ بیمار ہوتے ہیں، تو آپ کا علاج کون کرتا ہے ؟

ڈاکٹر اور نرس کیا کام کرتے ہیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ :** **5منٹ**

طلبہ سے کہیں چند پیشہ ورانہ لوگوں کی تصویریں چارٹ پیپر پر چسپاں کریں اور اِسے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام: __________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: پیشے |

سوال 1: درست جملے کے سامنے "✓" اور غلط کے سامنے "×" کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| الف | پیسہ کمانے کے لیے انسان کوئی نہ کوئی پیشہ اختیار کرتا ہے۔ | |
| ب | ڈاکٹر مریضوں کا علاج کرتا ہے۔ | |
| ج | کسان کپڑے دھوتا ہے۔ | |
| د | الیکٹریشن تعمیراتی کام کرواتا ہے۔ | |
| ہ | موچی جوتوں کی مرمت کرتا ہے۔ | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: پیشے

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تصاویر سے کچھ پیشوں (تدریس، کھیتی باڑی اور طب وغیرہ) کی شناخت کر سکیں۔
- تصویروں کی مدد سے مختلف پیشوں (تعلیم دینا، کاشت کاری اور طب) کو پہچان سکیں۔
- اپنی روزمرہ زندگی میں کچھ پیشوں کا کردار سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پیشے'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- پچھلے پڑھائے گئے پیشوں کے نام بتائیں۔
- ہمارے لیے اناج کون اُگاتا ہے؟

تمام بچوں کو باری باری بولنے کا موقع فراہم کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 62 پر دی ہوئی سپاہی کی تصویر طلبہ کو دکھائیں اور ان کے بارے میں پوچھیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے سپاہی کے بارے میں مختصراً بتائیں۔
- سپاہی اور بڑھئی ہمیں اپنی خدمات فراہم کرتے ہیں۔
- انھیں مثال کے طور پر بتائیں کہ کس طرح سپاہی ہمارے جان و مال کی حفاظت کرتا ہے اور چوروں کو پکڑتا ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے ملک میں امن و اماں قائم رکھتا ہے۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 62 سے سبزی فروش کی تصویر دکھائیں اور بتائیں یہ بھی پیشے میں شامل ہے۔

- طلبہ کو بتائیں سبزی ہماری صحت کے لیے کتنی ضروری ہے اور روزمرہ کے کھانوں میں استعمال ہوتی ہے۔
- انھیں درزی، بڑھی، پائلٹ، انجینئر کے بارے میں بتائیں۔ یہ سب اپنے پیشے سے منسلک ہیں اور ہم سب ایک دوسرے سے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں یہ لوگ ہماری زندگی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اِس لیے ہمیں اِن کا شکر گزار ہونا چاہیے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ:

کسان ہمارے لیے کیا کرتا ہے؟

سپاہی کیا کام کرتا ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کے گروپ بنائیں اور ایک گروپ میں ایک پیشے کا نام دیں اور ان سے کہیں کہ اس پیشے پر جملے لکھیں۔ سرگرمی میں طلبہ کی مدد کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: پیشے

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- بیان کر سکیں کہ ان کا پسندیدہ پیشہ کون سا ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پیشے'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- پیشہ کسے کہتے ہیں؟
- آپ کے ابو جان کا پیشہ کیا ہے؟
- جب آپ بیمار ہوتے ہیں، تو آپ کا علاج کون کرتا ہے؟
- اسکول میں بچوں کو کون پڑھاتا ہے؟
- کسان کیا کام کرتا ہے؟
- سپاہی لوگوں کی حفاظت کے لیے کیا کرتا ہے؟
- انجنیئر کا کیا کام ہے؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے سرگرمی کروائیں۔ اس سرگرمی کو کروانے کے لیے بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ جوڑیوں کی صورت میں بیٹھیں۔ انھیں کہیں کہ وہ اپنے ساتھی سے پوچھیں کہ وہ بڑے ہو کر کیا بنیں گے اور کیوں؟
- اس سرگرمی کو کرنے میں طلبہ کی مدد، حوصلہ افزائی کریں اور بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

| اعادہ: | 2منٹ |
|---|---|

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| جائزہ: | 6منٹ |
|---|---|

طلبہ کو فلیش کارڈز کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| گھر کا کام: | 2منٹ |
|---|---|

ورک شیٹ مکمل کر کے لائیں۔

| سرگرمی برائے طلبہ: | 5منٹ |
|---|---|

طلبہ سے کہیں کے اپنے والد کا پیشہ اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: پیشے |
|---|---|---|

سوال 1: نقطے ملا کر تصویر مکمل کریں۔ تصویر میں رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



سوال 2: سپاہی کو اپنی گاڑی تک جانے میں مدد کریں۔

